7757-لڑکے کی اپنی منگیتر سے خلوت جائز نہیں

سوال

کیا شادی سے قبل مسلمان نوجوان اپنی منگیتر کے ساتھ کہیں جاسکتا ہے ، اوراگر جائیں توان کے اس فعل سے کیا مرتب ہوگا ؟
دین اسلام میں شادی سے قبل لڑکی اورلڑکے کا ایک ساتھ باہر نکل کر گھومنا کیسا ہے ؟

پسندیدہ جواب

کسی بھی مرد کے لیے عورت سے خلوت کرنا جائز نہیں اس لیے کہ یہ فسق وفجوراور شر وفساد کا باعث اور جڑ ہے ۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی کے بارہ میں فرمایا :

(جو مرد بھی کسی عورت سے خلوت کرتا ہے توان دونوں کے ساتھ تیسرا شیطان ہوتا ہے) ۔

اگر توشادی کے عزم سے وہ منگیتر کو دیکھنا چاہتا ہے اوراس میں خلوت بھی نہیں وہ اس طرح کہ اس کے ساتھ لڑکی کا والد یا بھائی یا اس کی والدہ یا کوئی اور محرم ہے اوراس میں بھی لڑکی کا چہرہ ، بال ، ہاتھ ، قدم دیکھیں جائيں تو یہ سنت اور جائز ہے ، لیکن اس میں بھی شرط یہ ہے کہ اگر فتنے کا ڈر نہ ہو توپھر ایسا کرنا جائز ہوگا اوراگر فتنے کا ڈر ہو توجائز نہیں ۔

واللہ اعلم .